ادارہ



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگی ضخامت: ۳۷۲ صفحات قیمت: -/۱۵۰ روپے

جمع وترتیب: محمد حنیف عبدالمجید فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

ناشر: مکتبہ بیت العلم نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

حضرات صحابہ کرام کی جماعت ان برگزیدہ ہستیوں پر مشتمل ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کی صحبت سے سرفراز فرمایا۔ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ بھی اللہ ان سے راضی اور یہ اللہ سے راضی۔ اور اسی طرح فرماتے ہیں۔ اولیک الذین امتحن الله قلوبهم للتقوى حضور ﷺ فرماتے ہیں اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم اور فرماتے ہیں' الله الله في اصحابی لاتتخذوهم من بعدی غرضا۔ متعدد آیت قرآنی اور احادیث نبویہ ان قدسی صفات نفوس کی عظمت اور شہامت ونجابت پر دال ہیں۔ ان کی پاکیزہ زندگیوں کے بارے میں مختلف ادوار میں معتمد اور مستند کتابیں منظر عام پر آئی ہیں۔

امیر التبلیغ حضرت مولانا محمد یوسف کاندھلوی رحمہ اللہ کی شہرہ آفاق کتاب حیات الصحابہ جو کہ تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے' جس کی ثقاہت کے بارے میں مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی فرماتے ہیں'' مصنف گرامی قدر نے رسول اللہ ﷺ کی سیرت کے واقعات سے ابتداء کی ہے اور ساتھ ساتھ صحابہ کے حالات بھی تحریر کئے ہیں اور خاص طور پر دعوتی اور تربیتی پہلو کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے اس کتاب کے اندر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے وہ حالات واقعات درج کئے ہیں' جن کا کسی ایک کتاب میں ملنا ممکن نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب صحابہ کرام کی زندگی اس حیات الصحابہ رضی اللہ عنہم سے لئے گئے اقتباسات کا ایک مختصر سا مجموعہ ہے البتہ ہر صحابی کا مختصر سا تعارف سیر الصحابہ سے نقل کیا گیا ہے۔ جبکہ درسی نصاب میں شامل کرنے کیلئے اس میں مذاکروں کا اضافہ بھی کیا گیا ہے تاکہ جو اساتذہ ومعلمات اپنے تلامذہ وطالبات سے ہفتہ واری سبق کے طور پر بھی اس کا مطالعہ کروائیں۔ تو تمارین کے طرز پر یہ مذاکرہ مفید رہے۔ اس کے علاوہ کنز العمال کے حوالہ جات کی طرف مراجعت کی گئی۔ مولانا محمد حنیف عبدالمجید صاحب اور ان کے معاونین مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے یہ حتمی ذخیرہ امت کے سامنے پیش کیا ہے۔ جس سے ہر طبقہ کے لوگ یکساں طور پر مستفید ہوں گے۔ اس کتاب میں تقریباً ۳۴ حضرات صحابہ کرام کے احوال اور ان کا مختصر تعارف درج ہے۔ انتہائی سہل اور سلیس زبان میں یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے' تاکہ